ناروے آنا

# Å komme til Norge

Aamiina
Julie Cornelia van Walsum
Yasir Tayyab
5
اردو ur / norsk nb

میں اور میرے دو بھائی دسمبر 2016 میں ناروے آئے۔ ہم نے گرمیوں کے کپڑے پہنے ہوئے تھے کیونکہ ہمیں لگتا تھا کہ ناروے میں اتنی ہی گرمی ہوگی جتنی صومالیہ میں تھی۔ تاہم، جب ہم ایئرپورٹ پر پہنچے تو برفباری ہو رہی تھی۔ ہمیں سردی لگ رہی تھی اور موسم بہت ٹھنڈا تھا۔ اگرچہ ہم چند سوٹ کیس لے کر آئے تھے لیکن ان میں صرف گرمیوں کے کپڑے تھے۔

• • •

De to brødrene mine og jeg kom til Norge i desember 2016. Vi hadde på oss sommerklær fordi vi trodde det ville være like varmt i Norge som i Somalia. Men da vi kom til flyplassen, snødde det. Vi frøs og været var kaldt. Selv om vi hadde med oss noen kofferter, inneholdt de bare sommerklær.

اگرچہ بہت سردی تھی لیکن جب ہم ناروے آئے تو میں بہت خوش تھی۔ میں آخر
کار اپنی ماں سے دوبارہ مل سکوں گی، جنہیں میں نے چھ سال سے نہیں دیکھا تھا۔
میری ماں اور ان کی دو سہیلیاں ہم سے ملیں۔ انہیں دیکھ کر ہم خوشی سے رو
پڑے۔ ہم اس چھوٹے سے شہر میں چلے گئے جہاں ماں رہتی تھیں۔

• • •

Selv om det var kaldt, var jeg veldig glad da vi kom til Norge. Jeg kunne endelig møte mamma igjen, som jeg ikke hadde sett på seks år. Mamma og to av venninnene hennes møtte oss. Da vi møtte mamma igjen, gråt vi av glede. Mamma bor i en liten by, så vi kjørte dit.

ماں کے شہر میں میرا پہلا دن بہت اجنبی گزرا۔ سردی اور برفباری تھی اور دیکھنے کے لیے زیادہ چیزیں نہیں تھیں۔ گلیاں بالکل خالی تھیں۔ جن چند لوگوں سے میں ملی تھی وہ بہت سرد مزاج تھے اور دوستانہ نہیں تھے۔ صومالیہ میں ہر جگہ لوگ ہوتے تھے، اس لیے یہاں سب کچھ اجنبی محسوس ہوا۔ میری ماں اور ان کی سہیلیوں نے ہمیں کچھ تحائف دیے، اور پھر وہ ہمیں سردیوں کے کپڑے خریدنے کے لیے اپنے ساتھ لے گئیں۔

• • •

De første dagene i mammas by var veldig merkelige. Det var kaldt, det snødde og det var lite å se. Gatene var helt folketomme. De få personene jeg møtte, virket kalde og uvennlige. I Somalia er det folk overalt, så alt føltes uvant her. Mammaen min og venninnene hennes ga oss gaver, og hun tok oss med for å kjøpe vinterklær.

کرسمس کی تعطیلات کے بعد، میں نے بالغان کے تعلیمی مرکز میں ناروے کے ایک کورس میں شمولیت اختیار کی۔ ایک روایتی اسکول میں تعلیم شروع کرنے سے پہلے میں نے وہاں دو سال تک تعلیم حاصل کی۔ اب میں اپنے آخری سال میں ہوں اور میں نے بہت سے نئے دوست بنائے ہیں۔ میں بہت دوستانہ ہوں اور دوسرے لوگوں سے مل کر لطف اندوز ہوتی ہوں۔

• • •

Etter juleferien begynte jeg på norskkurs på voksenopplæringssenteret. Jeg gikk der i to år før jeg begynte på en vanlig skole. Nå går jeg siste året, og jeg har fått mange nye venner. Jeg er veldig sosial og jeg er glad i å møte andre.

اسکول کے بعد میں رضاکاروں کے ذریعے چلائے جانے والے سینٹر میں جاتی ہوں
جہاں مجھے اپنے ہوم ورک کرنے میں مدد ملتی ہے۔ میں نے سینٹر میں ایک سلائی
کورس میں بھی شمولیت اختیار کی ہے۔

• • •

Etter skolen drar jeg til Frivilligsentralen for å få hjelp med leksene. Jeg har også begynt på et sykurs der.

صومالیہ میں، میں کبھی سکول نہیں گئی اور نہ ہی قرآن سکول کے علاوہ کوئی کورس کیا۔ مجھے پڑھنا لکھنا نہیں آتا تھا۔ اب میں نے صومالی اور نارویجن دونوں زبانوں میں لکھنا سیکھ لیا ہے اور بہت سے دوسرے مضامین بھی۔ میں نے محسوس کیا کہ تعلیم کے بغیر میں کچھ بھی نہیں ہوں۔ اب میں باخبر اور خوشی محسوس کرتی ہوں۔

• • •

I Somalia fikk jeg aldri mulighet til å gå på skole eller ta et kurs, bortsett fra koranskole. Jeg kunne ikke lese eller skrive. Nå har jeg lært å skrive på både somali og norsk, og mange andre fag. Uten utdanning følte jeg at jeg ikke var noen. Nå føler jeg meg kunnskapsrik og glad.

اگلے سال میں صحت اور نوجوانوں کی ترقی کے شعبہ میں سیکنڈری اسکول میں داخلہ لوں گی۔ مستقبل میں، میں نوجوان کارکن بننا چاہتی ہوں۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد، میرا خواب مستقل ملازمت حاصل کرنا ہے۔ میں گاڑی چلانا بھی سیکھنا چاہتی ہوں اور اپنا گاڑی چلانے کا لائسنس بھی حاصل کرنا چاہتی ہوں۔

• • •

Neste år skal jeg begynne på helse- og oppvekstfag på videregående skole. I framtiden vil jeg bli barne- og ungdomsarbeider. Når jeg er ferdig med utdanningen min, drømmer jeg om å få meg en fast jobb. Jeg vil også lære å kjøre bil og ta førerkort.

اگر میں صومالیہ میں رہتی تو مجھے لگتا ہے کہ میں اب تک ماں بن چکی ہوتی۔ شاید میرے اب تک بہت سے بچے ہوچکے ہوتے۔ اگر میں صومالیہ میں ہوتی تو مجھے وہ مواقع نہ ملتے جو مجھے اب ملے ہیں۔ میں ناروے میں رہ کر اپنی خوش قسمتی سمجھتی ہوں۔

• • •

Hvis jeg fremdeles hadde bodd i Somalia, hadde jeg kanskje vært mor nå. Kanskje jeg hadde fått mange barn allerede. Hvis jeg hadde vært i Somalia, ville jeg ikke hatt de samme mulighetene som jeg har fått nå. Jeg føler meg heldig som bor i Norge.

# LIDA Stories

lidastories.net

## ناروے آنا

## Å komme til Norge


Aamiina
Julie Cornelia van Walsum
Yasir Tayyab (ur), Espen Stranger-Johannessen (nb)


CC BY